میں کس کو بتا سکتا ہوں؟

Prevention of Elder Abuse Committee
OF YORK REGION

معمر افراد سے زیادتی کو پہچاننا اور روکنا

www.elderabuse-yorkregion.ca

ہنگامی حالت میں
911

پولیس
1 866 876 5423
Seniors Liaison, ext. 6697
ممکنہ زیادتی کے بارے میں بات چیت یا رپورٹ کرنے کے لیے

سینئیرز ہیلپ لائن
1 800 222 8477
جرا ئم کے بارے میں پس پردہ رہتے ہوئے رپورٹ کرنے کے لیے

کوپ 310
(310 COPE)
310 2673
بحران کی روک تھام اور مدد کے لیے
تمام عمروں کے لیے ۲۴ گھنٹے کی سروس

کمیونٹی کیئر ایکسس سینٹر
1 888 470 2222
گھر کے اندر ممکنہ سروسز کے تعین کے لیے
معلومات اور حوالے

سینیئرز سیفٹی لائن
211
معمر افراد پر مشتبہ زیادتی کیے بارے میں معلومات اور حوالے

Language: Urdu

اگر آپ کو ان میں سے کسی قسم کی زیادتی ہوتی ہوئی نظر آئے تو یاد رکھیے

کوئی بھی زیادتی اور برے سلوک کا حقدار نہیں ہوتا ۔

کسی ایسے شخص کو بتائیے

- جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں
- جو آپ کی بات سمجھ سکے گا
- اور آپ کی مدد کر سکے گا

یہ آپکا فیملی ڈاکٹر، با اعتماد دوست یا کسی ایجنسی کا کارندہ ہو سکتا ہے

عمر رسیدہ افراد سے زیادتی کیا ہے؟

معمر افراد سے زیادتی ایک ایسا عمل یا عمل میں کوتاھی ھے جو کسی ضعیف شخص کے نقصان کی وجہ بنے۔

ثقافت، جنس، نسل اور مالی حیثیت سے قطع نظر یہ زیادتی کسی بھی معمر شخص کے ساتھ ہو سکتی ہے۔

زیادتی کرنے والا شخص خاندان کا فرد، دوست، پڑوسی، دیکھ بھال کرنے والا، مالی یا قانونی مشیر یا پھر آپکی صحت کی دیکھ بھال کرنے والا ہو سکتا ھے۔

Prevention of Elder Abuse Committee

OF YORK REGION

زیادتی کی اقسام

معمر افراد کے ساتھ زیادتی اور نظر انداز کیے جانے کی کئی قسمیں ھو سکتی ھیں جیسے جسمانی، نفسیاتی، مالی یا نظر انداز کئے جانا۔

جسمانی زیادتی کوئی بھی ایسا عمل ھے جس سے معمر شخص کو کوئی بھی جسمانی بے آرامی یا درد ھو اور چوٹ لگے جیسے:

- مارنا، کاٹنا، زور سے ہلانا یا جبری بند ش
- نا پسندیدہ طریقے سے چھونا یا جنسی زیادتی

نفسیاتی زیادتی کوئی بھی ایسا عمل یا الفاظ ھیں جس سے جذبات کو تکلیف پہنچے، خوف، ناکاری یا وقار کھونے کا احساس ھو جیسے:

- بے عزتی کرنا، دھمکی دینا، ذلت کا احساس دلانا یا ڈرانا دھمکانا
- فیصلے کرنے کی اجازت نہ دینا
- خاندان اور دوستوں سے ملنے کی اجازت نہ دینا

مالی زیادتی پیسوں اور جائداد کی چوری اور غلط استعمال ھے جیسے:

- آپ کو آپکے مالی فیصلے کرنے کی اجازت نہ دینا
- دوست، رشتہ دار یا کسی اور کو پیسے ادھار دینے کے لیئے دباو ڈالنا
- آپکی اجازت کے بغیر آپکے پیسے یا چیک لینا
- مختارنامے کا غلط استعمال
- فراھم کی گئی خدمات کے ذیادہ پیسے لینا یا زبردستی خدمات فراھم کرنے کی کوشش کرنا

نظر انداز کئے جانے کا مطلب ھے کہ ایک شخص جو آپکی دیکھ بھال یا مدد کا ذمہ دار ھے اور اپنی ذمہ داری پوری طرح ادا نہیں کرتا جیسے کہ:

- مناسب خوراک، کپڑے، اورمحفوظ رہائش فراہم نہ کرنا
- روز مرہ ضرورت کی چیزیں جیسے ویل چئیر، واکر وغیرہ مہیا نہ کرنا
- ضرورت کے وقت طبی سہولت فراہم نہ کرنا
- بل ادا نہ کرنا

Ontario Trillium Foundation / Fondation Trillium de l'Ontario

An agency of the Government of Ontario / Un organisme du gouvernement de l'Ontario

AbuseHurts.Ca — ABUSEHURTS — Canadian Centre For Abuse Awareness — Martin Kruze Memorial Fund